سرمئی رنگ کی بیک گراؤنڈ والے الفاظ کے ساتھ ڈکشنری کی دستاویز میں اضافی اور مفید معلومات موجود ہیں

# رہائش

# HABITATGE

## مالک مکانوں کی تنظیم کے فیصلے Actes de les juntes de propietaris

مالکان مکانات کی ایک میٹنگ جس میں کئی ایک فیصلہ جات کئے گئے جن امور پر غور وخوص کیا گیا اسکے بارے میں مختصر رپورٹ کے بارے میں معلومات

## عمارتوں کا انتظام وانصرام چلانے والی انتظامیہ Administració de finques

ایسے پیشہ ور لوگ جو مکانات اور دوکانات کے کرایہ پر دینے یا خرید وفروخت کے معاملات چلانے میں مالکان کی جگہ اپنا کردار ادا کرتے ہیں اس کے ساتھ ساتھ ہمسائیوں کی تنظیم (کومونی داد دے ویسینو) کی طرف سے بھی عمارتوں کی دیکھ بھال اور مرمت وغیرہ کے امور سرانجام دیتے ہیں

## مکانات اور دوکانات کے معاملات چلانے والی ایجنسیاں Agència immobiliària

ایسی جگہ جہاں مکانات ودوکانات کے مالکان اور ان کو خریدنے کے خواہش مند افراد ایک دوسرے سے مل بیٹھتے ہیں

## پراپرٹی ڈیلر Agent de la propietat immobiliària (API)

عمارتوں کے معاملات کی سوجھ بوجھ رکھنے والے افراد کو (انمو بلیاریو ایجنٹ) کہتے ہیں ایسے افراد جو مکانات اور دوکانات کی خرید وفروخت کے معاملے میں خریدار اور فروخت کنندہ کے مشترکہ معاملات کی دیکھ بھال کرنے والے افراد جو کہ خرید وفروخت کے اس سارے معاملے میں ہماری راہنمائی کا فریضہ سرانجام دیتے ہیں

## مکان کرایہ پر دینے والا Arrendador

ایسے افراد جو مالک کی حثیت سے یا مالک کے نام پر مکان یا دوکان کو کرائے پر دینے کا اختیار رکھتے ہیں اور اس کے بدلے آپ سے ہر ماہ متعین کردہ رقم وصول کرتے ہیں۔

## مکان کرایہ پر لینے والے Arrendatari

ایسے افراد کو کرایہ دار **Arrendatari** بھی کہتے ہیں۔ جو افراد ایک ماہانہ رقم کے بدلے ایک مکان یا دوکان استعمال کرنے کا حق حاصل کرتے ہیں،

## کئی خطرات کے تحفظ کی بیمہ پالیسی Assegurança multirisc

ایسا معاہدہ جو بیمہ پالیسی لینے والے اور اس کو فرخت کرنے والے افراد کے درمیان ہوتا ہے جس کے مطابق بیمہ پالیسی ایک وسیع تحفظ کی ضمانت دیتی ہے حادثات کی صورت میں ہونے والے نقصانات کی تلافی (بذریعہ نقد ادائیگی یا مرمت کا ذمہ لینا) اس کے بدلے ایک مخصوص رقم سالانہ ادا کرنی پڑتی ہے سہ ماہی یا ششماہی قسط بھی ادا کی جا سکتی ہے۔

## اہل محلہ یا ہمسائیوں کی انجمن (ایسوسی ایشن) Associació de veïns

ایسے افراد کا گروپ یا اتحاد جو اپنے مفادات کے تحفظ کے لئے اکٹھے ہوں اور یہ ہمسائیوں کے اتحاد کو (**Associació de veïns**) کہتے ہیں اس کا دائرہ کار ہمسائیوں

کے درمیان ہونے والے تنازعات کو نمٹانے کے ساتھ ساتھ اپنے گلی محلے کی صفائی سے لے کر محلے کے تہواروں کا انتظام کرنا بھی شامل ہے۔

## Aval bancari بنک کی گارنٹی

ایسی گارنٹی جس کے ذریعے بنک اس بات کی ضمانت دیتا ہے کہ فلاں آدمی مستحکم مالی حیثیت کا مالک ہے۔

## Aval personal شخصی ضمانت یا ذاتی ضمانت

مکان کے کرایہ پر دیتے وقت جو آدمی اس بات کی ضمانت دیتا ہے کہ مکان کا کرایہ (یا قسط) ادا کر سکتا ہے، اس کا مطلب یہ ہے کہ جب ایک آدمی یہ ضمانت دیتا ہے کہ وہ اس رقم کو ادا کر سکتا ہے جو آدمی اس کی ضمانت دیتا ہے وہ اس کے کرایہ یا قسط کی ادائیگی کے معاملے ذمہ داری لیتا ہے کہ اگر اصل آدمی نے ادائیگی نہ کی تو وہ ادا کر اس ادائیگی کو کرنے کا پابند ہوگا

## Cadastre مکانات یا دوکانات کے ریکارڈ

یہ رجسٹر جو کہ وزارت مالیات اور انکم ٹیکس کے ماتحت ہوتا ہے یہاں پر مکانات یا دوکانات کا اندراج کیا جاتا ہے اس میں جائیداد کی ساری تفصیل درج ہوتی ہے اگر اس پر کوئی جرمانہ وغیرہ ہو تو بھی اس کا ریکارڈ معلوم کیا جا سکتا ہے اگر کوئی مالیاتی یا عدالتی قدغن ہو تو اس کا بھی ریکارڈ اس رجسٹر میں درج ہوتا ہے اس رجسٹر میں سارے اور ہر ایک جائیداد کا ریکارڈ درج ہوتا ہے یہ ساری معلومات ایک رجسٹر نمبر اور ایک ریفرینس کا دیسترال اور اس جائیداد کی ویلیو بھی درج ہوتی ہے۔

## Cambra de la Propietat Urbana چیمبر آف پراپرٹی شہری جائیداد کا اندراج رکھنے والا ادارہ

یہ ادارہ جو ماہرین کی ایک ٹیم کے ذریعے ان معاملات کے بارے میں مشاورت فراہم کرتا ہے اس کی خدمات سے مستفید ہونے کے لئے اس کا ممبر ہونا ضروری ہے،

## Cèdula d'habitabilitat مکان کا رہائشی سرٹیفیکٹ

ایسا سرکاری سرٹیفیکیٹ جو اس بات کو یقینی بنائے کہ یہ مکان رہائش کے قابل ہے اور آرام دہ ہے، مکان کا کونترا تو کرنے کیلئے ضروری ہے کہ اس مکان میں بجلی اور پانی چالو ہے ان کا کونترا تو کروانا بھی مالک مکان کی ذمہ داری ہے مالک مکان جب مکان کا معاہدہ کرتا ہے اس وقت یہ کونترا تو یعنی (بجلی، پانی، گیس وغیرہ) سب کرائے دار کے حوالے کرے،

## Certificat d'Empadronament کارپوریشن کا رہائشی اندراج کا سرٹیفکیٹ

جس جگہ آپ مستقل طور پر رہائش پذیر ہوں اس بلدیہ میں اپنا رہائشی کی حیثیت سے اندراج کروانا ایمپادرونامنت کہلاتا ہے یہ ایک ایسا انتظامی رجسٹر ہے جس میں تمام مکینوں کا ریکارڈ رکھا جاتا ہے ان کے بارے بنیادی معلومات کا ریکارڈ بھی اسی رجسٹر میں رکھا جاتا ہے اور اس کے ذریعے آبادی کی گنتی کا ریکارڈ بھی رکھا جاتا ہے چاہے یہ لوگ قانونی طور پر رہائش پذیر ہوں یا بغیر ریذیڈنسی کے۔ اسایمپادرونامنتو کے ذریعے ہمیں مختلف شہری سروسز تک رسائی کا حق حاصل ہوتا ہے (مثال کے طور پر مفت میڈیکل چیک اپ، یا کم قیمت پر دواؤں کا حصول وغیرہ)

## Cessió del contracte de lloguer کرائے کے کونترا تو کی کسی دوسرے کے حق میں تبدیلی

مکان کا کونترا تو دوسرے کسی فرد کے نام صرف اسی صورت میں تبدیل کیا جا سکتا ہے جب کرائے پر دینے والا (یعنی مالک یا اس کی طرف سے مقرر کردہ فرد یا ایجنسی) اس بات سے متفق ہو اور اس کی اجازت دے دوسری صورت میں یہ کونترا تو خود بخود ختم **Desnonament** ہو جائے گا

## Clàusules d'un contracte کسی معاہدہ میں لکھی گئی شرائط

جسے عرف عام میں چھوٹے الفاظ کہتے ہیں اور وہ ہر کونترا تو میں موٹے لفظوں میں لکھی گئی عبارت کے ساتھ آگے باریک الفاظ میں لکھا ہوتا ہے اسے لیترا پیکنا کہتے ہیں یہ مخصوص

شرائط ہوتی ہیں کرائے کے کونترا تو کی عام شرائط عموی طور پر سرکاری طور پر طے شدہ ہوتی ہیں اور طبع شدہ ہوتی ہیں (شائع شدہ) لیکن اس کے علاوہ مالک مکان اضافی شرائط بھی عائد کرسکتا ہے اور یہ دوطرفہ اتفاق سے ممکن ہوتا ہے (یعنی دونوں فریق اس سے متفق ہوتے ہیں) ان کو بڑی احتیاط سے پڑنا چاہیے کیونکہ دوسری صورت میں آپ اپنے کسی حق سے محروم ہو سکتے ہیں۔

## جائیداد کے مالکان کی کمیونٹی Comunitat de propietaris

ایک عمارت کے مالکان کا اتحاد یا کئی ایک عمارتوں کے مالکان کا اتحاد جب وہ اپنے مشترک مفادات کے لئے اکٹھے ہوں

## آراس کا معاہدہ آراس کا جرمانہ Contracte d'arres / Arres penitencials

ایسی کاغذی دستاویز جو خریدار اور فروخت کنندہ کے درمیان طے شدہ معاہدے کے تحفظ کی ضمانت فراہم کرے اسے کونترا تو دے آراس کہتے ہیں اس کو مکان کی ریزرویشن کے لئے استعمال کیا جاتا ہے آراس پنی تینسیال کے بارے میں بہت سنا جاتا ہے کیونکہ معاہدے کی عدم تکمیل کی صورت میں جو فریق بھی معاہدہ توڑے اسے جرمانہ ادا کرنا پڑتا ہے۔

## کرائے کا معاہدہ Contracte de lloguer

ایسی دستاویز جس پر مالک اور کرائے دار دستخط کرتے ہیں اور اس کے ذریعے ایک کو مکان استعمال کرنے کا حق مل جاتا ہے اور دوسرا یعنی کرائے پر دینے والا اس کے بدلے میں طے شدہ رقم **Renda** ہر مہینے وصول کرتا ہے (اس کے لئے کونترا تو کی شرائط والا **clàusules d'un contracte** صفحہ پڑھیں)

## خرید و فروخت کا پرائیویٹ معاہدہ Contracte privat de compravenda

یہ ایسی دستاویز ہے جس کی رو سے دونوں فریق یعنی (فروخت کرنے والا اور خریدنے والا) اس بات کے پابند ہوتے ہیں کہ اس معاہدے کی تکمیل کریں اگر ایک فریق اس معاہدے کی پاسداری نہ کرے تو اس کے خلاف عدالتی کروائی کی جا سکتی ہے۔

## بلڈنگ مشترکہ اخراجات کی تقسیم Derrama

ہمسائیوں کی تنظیم کے ذریعے اخراجات کی تقسیم، جو اخراجات عام حالات میں آتے ہیں یا عام حالات سے ہٹ کر جو بھی اخراجات مثال کے طور پر گلی والی دیوار کی آرائش و مرمت، پانی کے بہاؤ والے پائپ یا لفٹ کی لگوائی وغیرہ وغیرہ

## معاہدہ کی تنسیخ Desnonament

ایسا عدالتی حکم جس کی رو سے کونترا تو ختم ہو جائے اور کرائے دار اس بات کا پابند کیا جائے کہ وہ مکان خالی کرے، یہ معاہدے کی عدم تکمیل کی صورت میں ہوتا ہے پہلے ایک عدالتی حکم آتا ہے کہ بقایا جات ادا کریں اگر رقم ادا کر دی جائے تو عدالتی حکم معطل ہو سکتا ہے بصورت دیگر مکان خالی کرنے کا عدالتی آرڈر تکمیل پذیر ہوتا ہے

## عمارت کے مشترکہ ریگولر اخراجات Despeses de comunitat

عمارت کے مشترکہ عام اخراجات مثال کے طور پر بجلی، صفائی، اور عمارت کے ضروری مرمتی معاملات، یہ تمام اخراجات تمام مکانات اور تجارتی دوکانات پر ان کے رقبے کے لحاظ سے تقسیم کرتے ہیں اور عام حالات میں ماہانہ ادائیگی کرنی ہوتی ہے

## بذریعہ بنک ادائیگی Domiciliació bancària

بنک کے ساتھ ایک معاہدہ ہوتا ہے جس کی رو سے تمام بلوں کی ادائیگی (مکان کا کرایہ، بجلی پانی گیس، ٹیلی فون وغیرہ) بنک سے آپ کے بنک گئے بغیر ہو جاتی ہے اور ادائیگی کے

بعد بنک آپ کو رسید آپ کے گھر بھیج دیتے ہیں

### خریداری کا ترجیحی حق Dret d'adquisició preferent

کرائے پر دیئے ہوئے مکان کو فروخت کرنے سے پہلے مالک مکان کرائے دار کو آگاہ کرے گا کیونکہ کرائے دار کا پہلے حق بنتا ہے

### ایڈوانس ادائیگی Entrada

جب ہم کوئی مکان خریدنا چاہیں تو اس کے لئے کچھ رقم پیشگی ادا کی جاتی ہے اسے بیعانہ یا انترادا کہتے ہیں، کیونکہ قرض فراہم کرنے والے ادارے (بنک) سو فیصد قرض فراہم نہیں کرتے اس لئے اکثر خریدار کا بیس 20 فی صد تک کا انتظام خود کرنا پڑتا ہے اور اس پیشگی ادائیگی کو **Entrada** کہتے ہیں

### جائیداد کی رجسٹری Escriptura pública de propietat

ایسا ٹائٹل جو جائیداد کے حق کو یقینی بناتا ہے یہ بڑا آسان سا ہے اس کو ایک نوٹاریو لکھتا ہے اور جائیدادوں کے رجسٹر میں اس کا اندراج بھی کرواتا ہے جب بھی کوئی خرید و فروخت ہوتی ہے ایک نئی رجسٹری لکھی جاتی ہے جس میں جائیداد کے مالک کا نام تبدیل ہو جاتا ہے اس میں قیمت کا تعین کس طرح ادائیگی کرنی ہے اور دوسری طے شدہ شرائط کا اندراج ہوتا ہے

### کسی تنظیم کا آئین Estatuts de la comunitat

ایسے قوانین کا مجموعہ جو ہمسائیوں کے درمیان تعاون کی بنیاد فراہم کرنے کا موجب بنتا ہے یہ ایک عمارت کے رہائشی یا ایک سے زیادہ متصل رہائشی عمارتوں کے ہمسائیوں کے درمیان قائم کی جا سکتی ہے،

### ضمانت یا گارنٹی Fiança

ایک اضافی رقم جو کہ کرائے دار مالک مکان یا اس کے مقرر کردہ شخص کو ادا کرے گا اس کو فیانسہ کہتے ہیں جب معاہدہ پر دستخط کئے جاتے ہیں، یہ قانونی طور پر لازمی ہے اور اس کے الٹ معاہدہ نہیں ہو سکتا،

### اضافی ضمانت Fiança suplementària

ایک اضافی رقم جو کہ عام ضمانت کے علاوہ ہوتی ہے اسے فیانسا سپل میںٹاریا کہا جاتا ہے یہ اس صورت میں ہوتا ہے جب مالک مکان یا دوکان کرائے دار پر اعتبار نہ کرتا ہو یا دوسرے لفظوں اسے نہ جانتا ہو،

### سلنڈر کی گیس Gas butà

گیس والی لوہے کی بڑی بوتل کو سلنڈر کہتے ہیں فی الوقت صرف پرانے مکانوں میں قدرتی گیس نہیں ہے

### قدرتی گیس Gas ciutat

ایسی گیس جو کہ پائپ لائن کے ذریعے گھروں تک پہنچتی ہے

### جائیداد خریدنے کا قرضہ Hipoteca

جائیداد خریدنے کا قرضہ ایسا قرض جو مالیاتی ادارہ ایک خاص شرح سود پر دیتے ہیں، ایک فرد کو یا ایک سے زیادہ افراد کو تا کہ وہ مکان خرید سکیں، یہ قرض ایک مقررہ تعداد میں بنک کو

ماہانہ بنیاد پر واپس ادا کرنا ہوتا ہے اور اس مدت کا دورانیہ 15 سال سے لے کر 30 سال تک کا ہو سکتا ہے

## Impost d'Actes Jurídics Documentats عدالتی کاغذی کاروائی کا ٹیکس

ریاستی ٹیکس ہمیشہ اس وقت لاگو ہوتا ہے جب کوئی کاروائی سٹام فارم پر لکھی جاتی ہے مثال کے طور پر مکان یا دوکان کی رجسٹری وغیرہ، اس کی ادائیگی محکمہ انکم ٹیکس کے صوبائی دفتر میں کی جاتی ہے

## Impost de Béns Immobles (IBI) جائیداد پر ٹیکس

یہ ٹیکس بلدیات وصول کرتی ہیں اس کی وصولی سالانہ بنیادوں پر کی جاتی ہے اس کا تخمینہ جائیداد کی قدر و قیمت کے حساب سے لاگو ہوتا ہے اس کی مالیت میں کمی بیشی جائیداد کی قدر کے حساب سے طے کی جاتی ہے،

## Impost de Transmissions Patrimonials (ITP) ٹرانسمیشن ٹیکس

وراثتی جائیداد کی منتقلی کے وقت جو ٹیکس عائد ہوتا ہے اس کو آئی ٹی پی کہتے ہیں، یہ عام حالات میں مکان کی حقیقی قیمت پر لاگو ہوتا ہے اور سات فی صد کے حساب سے وصول کیا جاتا ہے

## Impost sobre el Valor Afegit (IVA) اشیا کی خرید و فروخت کا سیلز ٹیکس

یہ ٹیکس ہمیشہ اشیائے خورونوش پر، ہر قسم کے بلوں پر اور ہر قسم کی خرید و فروخت پر لاگو ہوتا ہے اس کو عرف عام میں ای وا کہتے ہیں اس کے علاوہ تمام قسم کی خدمات پر بھی یہ ٹیکس لاگو ہوتا ہے اس کا ریٹ مختلف درجہ بندیوں میں طے شدہ ہوتا ہے، کچھ اشیاء پر چار 4 فی صد کے حساب سے، کچھ پر سات فی صد سے لیکر سولہ 16 فی صد تک ہوتا ہے۔ مکانوں کی خرید و فروخت پر اس کا نرخ 7 فیصد ہوتا ہے

## Indemnització جرمانہ۔ہرجانہ

رقم جتنی تعداد میں کرایہ دار مالک کو ادا کرے گا، یہ صرف اس صورت میں ادا کرنا پڑتا ہے جب کرائے دار مالک مکان کے ساتھ کیے گئے معاہدے کی پاسداری نہ کرے اس کرایہ **Renda** کو سال کے باقی مہینوں کے برابر ضرب دے کر یہ ادائیگی کرنا پڑتی ہے

## Índex de preus al consum خوردہ قیمتوں کا چارٹ،(یا قیمتوں کی فہرست)

قیمتوں کے اتار چڑھاؤ کی سالانہ لسٹ جتنا سالانہ اضافہ ہوتا ہے اس حساب سے مکانات کے کرائے بھی بڑھ جاتے ہیں اس مہنگائی کے تناسب کو اندیسے دے پریسیو کہتے ہیں اس افراط زر کے حساب سے سال کے پچھلے بارہ مہینوں میں ہونے والی مہنگائی کے تناسب سے ریاست کے سرکاری شمارے میں شائع کیا جاتا ہے اس کے بارے میں ٹیلی فون پر بھی معلومات حاصل کی جا سکتی ہیں یا پھر قومی ادارہ برائے شماریات کی ویب سائٹ پر بھی دیکھی جا سکتی ہیں،

## Informe de taxació مارکیٹ ریٹ کے تخمینہ پر مبنی رپورٹ

ایسی رپورٹ جو کسی ماہر نے تیار کی ہو جو لوگ اس شعبے میں مہارت رکھتے ہیں ان کو پیری تو کہتے ہیں، اس رپورٹ کو تا ساسیون کہتے ہیں اور اس کی تصدیق بنک آف سپین کرتا ہے کہ آیا یہ ویلیو ٹھیک طریقے سے لگائی گئی ہے اس رپورٹ اس بات کی وضاحت کی جاتی ہے کہ مکان کتنے رقبے پر محیط ہے کس حالت میں ہے اس کی عام مارکیٹ میں کیا قیمت ہے بنک اس رپرٹ پر ہی اکتفاء کرتے ہیں حالانکہ مکانات کی قیمتیں اکثر اصل قیمت سے زیادہ لگی ہوتی ہیں

## Inquilí کرایہ دار

اس سلسلے میں مالک مکان اور کرایہ دار **Arrendatari** والا حصہ ملاحظہ فرمائیں

## Inventari اشیاء کی فہرست

اشیاء کی فہرست جو مکان کرائے پر دیتے وقت اندر موجود ہوں یا ان کی حالت کیسی ہے یہ فہرست بہت اہمیت کی حامل ہوتی ہے جب بھی مکان کرائے پر دیا جائے اس وقت یہ فہرست بنائی جائے اور جب کرائے دار مالک مکان کو کنٹرا تو کے خاتمے پر مکان واپس کرے تو اگر اس فہرست میں کوئی کمی بیشی ہو تو ضمانت میں دی گئی رقم سے اس یا ان چیزوں کی رقم کاٹ لی جاتی ہے

## Lliure de càrregues واجبات سے پاک

اس بات کا اظہار اس وقت کیا جاتا ہے جب فروخت کئے جانے والے مکان پر کوئی جرمانہ یا کسی بھی قسم کے بقایا جات نہ ہوں تو اسے **Lliure de càrregues** کہتے ہیں مثال کے طور پر بنک کا کوئی قرض وغیرہ نہیں ہے یا کسی بھی صورت میں مکان گروی نہیں ہے

## Llogater کرایہ پر دینے والا

اس سلسلے میں مالک مکان اور کرایہ دار **Arrendatari** والا حصہ ملاحظہ فرمائیں

## Lloguer کرایہ پر لینے والا

اس سلسلے میں مزید معلومات کیلئے کرایہ مکان **Renda** والا حصہ ملاحظہ فرمائیں

## Lloguer de promoció pública سرکاری طور پر کرائے پر دی جان والی عمارتوں کی پیشکش

سرکاری انتظامیہ کی طرف سے تعمیر کی جانے والی عمارتیں (کرائے پر دینے کے لئے) ان کا کرایہ کم ہوتا ہے کیونکہ ان میں نفع نہیں لیا جاتا، اس لئے یہ مکان عام مارکیٹ کی نسبت ذرا سستے ہوتے ہیں

## Nota simple سادہ ابتدائی رپورٹ

جب بھی کوئی مکان یا دوکان خریدی جاتی ہے تو سب سے پہلا قدم اس کے بارے معلومات حاصل کرنے کی غرض سے جائیداد کے رجسٹرار **Registre de la Propietat** میں جا کر جو معلومات حاصل کی جاتی اس کو سادہ یا ابتدائی رپورٹ کہتے ہیں اس میں اس مکان کا سن تعمیر اس کا کل رقبہ اور اگر اس مکان پر کوئی جرمانہ وغیرہ ہو تو بھی وہ سامنے آجاتا ہے

## Oficina Municipal d'Informació al Consumidor صارفین کو معلومات فراہم کرنے والا دفتر

بلدیاتی سروس جو صارفین کے حقوق کا تحفظ کرنے کے ساتھ ساتھ ان کو ان کے حقوق سے آگاہ بھی رکھتے ہیں، یہ دفتر مشاورت بھی فراہم کرتا ہے اس کے علاوہ آپ کی شکایات کا اندراج بھی کرتا ہے اس سروس کے بدلے شہریوں سے کوئی معاوضہ نہیں لیا جاتا،

## Paga i senyal ٹوکن رقم

عام حالات میں اگر ہم کوئی مکان اپنے لئے ریزرو کروانا چاہتے ہیں تو اس کا ہمیں تین ہزار 3000 یورو بیعانہ دینا پڑے گا یہ رقم مالک یا ایجنسی کو ادا کی جاتی ہے اگر مکان پسند نہ

آئے تو واپس ہو جاتی ہے

## Parella de fet زبانی معاہدہ کے تحت قائم جوڑے

دو افراد کے اتحاد کو جب وہ مل کر رہ رہے ہوں تو یا تو وہ میاں بیوی کی حثیت سے رہ رہے ہوں گے یا پھر دو افراد چاہے وہ دونوں مرد ہوں دونوں عورتیں ہوں یا ایک عورت اور ایک مرد اکٹھے رہ رہے ہوں موجودہ قانون کے مطابق چرچ میں یا سول عدالت میں شادی کیے بغیر بھی دونوں کے بہت سارے حقوق میاں بیوی کی حیثیت سے تسلیم کر لئے گئے ہیں ان کو چاہیے کہ وہ جس جگہ رہ رہے ہوں اس بلدیہ میں جوڑے کی حیثیت سے اپنا اندراج کروالیں

## Plusvàlua اضافی قدر و قیمت

کسی بھی جائیداد کی قدر و قیمت میں اضافے پر لگنے والے بلدیاتی ٹیکس کو پلس والیا کہتے ہیں یا شہری علاقوں میں زیرِ تعمیر آنے والی زمین پر یا جب کوئی جائیداد خریدی گئی تھی اور اب جب سے فروخت کریں گے تو قیمت کے فرق کو جو خرید اور فروخت میں ہوگا اس کو پلس والیا کہیں گے اور اس اضافی آمدنی پر بلدیہ ٹیکس لگائے گی،

## Pròrroga مدت میں اضافہ

پہلے سے طے شدہ ایک معاہدے (کونترا تو) کی معیاد میں اضافے کو پرورو گا کہتے ہیں یہ نیا کونترا تو نہیں ہے بلکہ پہلے سے کیا گیا معاہدہ (کونترا تو) ہی جس اضافی مدت تک چلے گا اس کو پرورو گا کہتے ہیں

## Rebut mensual de lloguer کرائے کی ماہانہ رسید

کرائے کی ادائیگی کے ثبوت کو ماہانہ رسید کہتے ہیں یہ رسید مالک مکان یا اس کی مقرر کردہ ایجنسی جاری کرتی ہے اس رسید میں وضاحت کے ساتھ درج ہونا چاہیے کہ کتنی رقم کس کس مد میں وصول کی گئی ہے تاریخ اور شناختی معلومات بالخصوص جب ادائیگی بذریعہ بنک کی جاوے (بذریعہ بنک ادائیگی کو **domiciliació bancària** کہتے ہیں) اس صورت میں بنک آپ کو ایک رسید بھیجتا ہے

## Registre de la Propietat جائیداد کا ریکارڈ رکھنے والا ادارہ

سرکاری دفتر جہاں تمام مکانات کا ریکارڈ رکھا جاتا ہے کس کی ملکیت ہے وغیرہ وغیرہ

## Registre Mercantil سرکاری دستاویزات کا ریکارڈ رکھنے والا ادارہ

ایسا سرکاری دفتر جہاں تمام قانونی معلومات کا اندراج کیا جاتا ہے تمام فرموں کے قانونی اور مالی معاملات کا اندراج کیا جاتا ہے

## Renda ماہانہ کرایہ

ایک مقرر کردہ تعداد میں جو کہ کرایہ دار اپنے مالک مکان کو اس کی جائیداد کے استعمال کے بدلے ادا کرتا ہے اسے ماہانہ کرایہ کہتے ہیں اور اس کی ادائیگی ہر مہینے کے پہلے سات دنوں میں کی جانی چاہیے

## Salari mínim interprofessional کم سے کم مقرر کردہ تنخواہ

کم سے کم تنخواہ جو دی جا سکتی ہے یا دوسرے لفظوں میں اس سے کم کوئی اجرت نہ دی سکتا اور نہ لے سکتا ہے اس کو سالاری مینیم انٹر پروفیشنال کہتے ہیں اس کا تعین ہر سال مرکزی حکومت کرتی ہے اور اس کے تعین سے پہلے تمام مزدور یونین کے نمائندوں سے اس بارے میں رائے لی جاتی ہے اور اس میں مہنگائی کے تناسب کو بھی پیش نظر رکھا جاتا ہے سالانہ اوسط

شرح پیداوار کام میں اضافی شراکت اور سرکاری کرائیوں کی شرح کو بھی پیش نظر رکھا جاتا ہے

### Servituds بنیادی ضروریات

فرائض جو ایک عمارت پر لاگو ہوتے ہیں مثال کے طور پر کسی بھی عمارت کے نیچے سے کسی پائپ لائن کے گزارنے، بجلی کی تاروں کا گزارنا، اور وراثت میں ملنے والے واجبات کی ادائیگی جو کسی طرح بھی ذمے لگے ہوں، وغیرہ وغیرہ

### Sobreocupació d'una vivienda مقررہ حد سے زیادہ رہائش

جب کسی مکان میں منظور شدہ افراد کی تعداد **Cèdula d'habitabilitat** سے زیادہ افراد رہائش پذیر ہوں تو اسے سوبرےاوکوپاسیون (یعنی گنجائش سے زیادہ) افراد کا رہنا قانونی طور پر ممنوع ہے اور آپ کی صحت کے لئے بھی نقصان دہ ہوتا ہے

### Sotsarrendament del contracte de lloguer کرایہ کے مکان کو آگے کرایہ پر دینا

جب کرایہ دار آگے کسی اور فرد کو اسی مکان کا کنترا تو کر کے دیتے تو اس کو سب رینڈامنتو دے اکی لیر کہتے ہیں مثال کے طور پر کمرے کرایہ پر دینا جس مکان کے ہم کرایہ دار ہیں کسی بھی صورت میں بنیادی کرائے سے زیادہ ادائیگی نہیں کرنی چاہیے اور اس کے لئے مالک مکان کی اجازت بھی ضروری ہے

### Subministraments سہولیات زندگی کی سپلائی

پانی بجلی اور گیس کی سپلائی جو کہ مکانات کو مہیا کی جاتی ہے اگر اس کا آلتا نہیں ہے تو اس کے لئے سیدولا **Cèdula d'habitabilitat** کا ہونا لازمی ہے

### Subrogació del contracte de lloguer کرایہ نامہ میں کسی دوسرے کے نام تبادلہ کرنا

کرائے کی دار کی حیثیت سے حق کا اپنے بیٹوں بھائیوں ماں باپ دادا دادی یا اپنی بیوی کو تفویض کرنے کو معاہدہ میں نام کی تبدیلی کہتے ہیں یہ صرف اس صورت میں ممکن ہو سکتا ہے جب وہ بندہ جس کے نام کونترا تو تبدیل کرانا مقصود ہو کم از کم دو سال اس بندے کے ساتھ رہا ہو،

### Termini de garantia mínima کم سے کم گارنٹی کی مدت

ایک کرائے دار کو حق حاصل ہے کہ وہ اس کونترا تو کو جو پانچ سال سے کم مدت کا ہو پانچ سال تک طول دلوا سکتا ہے ہمیشہ جب اس کی خواہش ہو اور موجودہ کونترا تو پانچ سال سے کم مدت کا ہو،

### Treballadors autònoms اپنا ذاتی کام کرنے والے

ایسے افراد جو کسی کے پاس ملازمت کی بجائے اپنا کام کرتے ہوں

### Valor de taxació مکان کی مارکیٹ کی قیمت

مکان کی قیمت کے تخمینے کو والور دے تاساسیون کہتے ہیں، اس کا تعین اس وقت ممکن ہوتا ہے جب پیری تو جو کہ ان معاملات میں مہارت رکھتے ہیں اپنا تخمینہ مکمل کر لے، مکان کا محل وقوع کس حالت میں ہے اور مارکیٹ میں مکانات کی قدر و قیمت کیا ہے، وغیرہ وغیرہ

### Vicis ocults d'un immoble مکان کے تعمیراتی پوشیدہ نقائص

ایک مکان کے چھپے ہوئے نقص کو **Vicis ocults d'un immoble** کہتے ہیں، ایسے تمام نقص جو کہ پہلی بار دیکھنے میں نظر نہ آتے ہوں